cfa.vic.gov.au/languages

کیا میں کیمپ فائر جلا سکتا/ سکتی ہوں؟

کیمپ فائر جلانے سے پہلے چیک کریں کہ:

- **کیا ان دنوں کو آگ کے خطرے کا زمانہ (Fire Danger Period) قرار دیا گیا ہے؟**
- **کیا آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Day) کا اعلان کیا گیا ہے؟**

سال کے مختلف حصوں میں اور کیمپنگ کے مقام کی بنیاد پر کیمپ فائر کے اصول بدل سکتے ہیں۔

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں آپ کیمپ فائر نہیں جلا سکتے، سوائے اس کے کہ آپ پہلے یہ اصول چیک کر لیں۔

- ضروری ہے کہ ہوا کی رفتار 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے کم ہو۔ اگر پتے ہوا سے ادھر ادھر بکھر رہے ہوں تو آگ نہ جلائیں۔
- ضروری ہے کہ کیمپ فائر صرف اسی جگہ جلائی جائے:
  - درست طریقے سے تعمیر شدہ پتھر، دھات یا کنکریٹ کے آتشدان میں
  - یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہرے گڑھے میں۔
- کیمپ فائر کو 1 میٹر لمبائی اور 1 میٹر چوڑائی سے زیادہ جگہ نہیں گھیرنی چاہیے۔
- کیمپ فائر کے گرد اور اوپر 3 میٹر تک کی جگہ میں ایسی کوئی چیز نہیں ہونی چاہیے جو جل سکتی ہو۔
- کبھی جلتی ہوئی آگ کے پاس سے نہ ہٹیں۔ آگ کے پاس ہمیشہ ایسے شخص کا موجود ہونا لازمی ہے جو آگ بجھا سکتا ہو۔
- جانے سے پہلے پانی ڈال کر کیمپ فائر کو مکمل طور پر بجھانا ضروری ہے۔

اگر آپ کسی سٹیٹ فوریسٹ یا نیشنل پارک میں ہوں تو کچھ دوسرے اصول بھی ہو سکتے ہیں جن کا آپ کو علم ہونا ضروری ہے۔

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Days)

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں (Total Fire Ban Days) پر آپ کیمپ فائر نہیں جلا سکتے۔

cfa.vic.gov.au/languages دیکھیں۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔